© rasailojaraid.com



ان فروگزاشتوں کے باوجود، اقبال پر یہ ایک مفید تعارفی کتاب ہے۔ ڈاکٹر صدیق جاوید نے بجا طور پر مصنفہ کی ''زبان و بیان کی سادگی اور صفائی'' کو سراہا اور توقع ظاہر کی ہے کہ یہ نوجوانوں کے لیے شوق انگیز ثابت ہوگی۔ (محمد قاسم انیس)

**عالمی طاغوتی کھیل میں مکروفریب کا راج**، طارق مجید کموڈور بحریہ (ریٹائرڈ)۔ ناشر: الفیصل ناشران وتاجران کتب، اُردو بازار، لاہور۔ صفحات: ۱۵۲۔ قیمت: ۷۵ روپے۔

نائن الیون کے واقعے نے جہاں پوری دنیا کو متاثر کیا ہے وہاں عالم اسلام کے لیے اِبتلا کا ایک نیا دور شروع ہوا ہے۔ کئی اہل قلم نے ان حالات کا تجزیہ کیا ہے اور آنے والے دور کی ایک جھلک پیش کی ہے۔ زیرنظر کتاب ایک ایسی ہی کوشش ہے۔ مصنف نے مختلف شواہد کا حوالہ دے کر یہ ثابت کرنے کی کوشش کی ہے کہ اس بڑے واقعے میں صہیونی دہشت گردوں کا ہاتھ ہے۔ انھوں نے ڈینیل پرل کیس کا بھی تجزیہ اور صہیونی عزائم کا ذکر بھی کیا ہے۔ اس طرف بھی اشارہ کیا ہے کہ مستقبل قریب میں پاک بھارت جنگ ہو کر رہے گی۔ اُمت مسلمہ کو جو خطرات لاحق ہیں ان کا تجزیہ کرتے ہوئے فاضل مصنف نے ملاعمر اور اسامہ بن لادن سمیت بہت سے مجاہدین کے بارے میں یہ تاثر دیا ہے کہ یہ لوگ ایک بین الاقوامی سازش میں شامل ہیں۔ یہ بات محل نظر ہے۔ البتہ اس میں شک نہیں کہ دنیا بھر میں ہر بڑی تبدیلی کے پس پردہ عالمی یہودی تنظیموں کا نادیدہ ہاتھ اب راز نہیں رہا۔ (عبداللہ شاہ ہاشمی)

---

**سیرت کا پیغام** ماہِ ربیع الاول کی مناسبت سے محسن انسانیتؐ کی زندگی کے بارے میں مختصر مضامین کا مجموعہ بلامعاوضہ دستیاب ہے۔ 4 روپے کے ڈاک ٹکٹ ارسال کر کے منگوا سکتے ہیں۔
رابطہ: ممتاز عمر، T-475، کورنگی نمبر 2، کراچی-74900

اس رسالے میں اشتہار دینے والے اداروں یا افراد سے معاملات کی کوئی ذمہ داری ماہنامہ ترجمان القرآن کی انتظامیہ کی نہیں ہے۔ (ادارہ)

© rasailojaraid.com